© rasailojaraid.com



# نعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

## گل میں خنداں آپ ہیں شبنم میں گریاں آپ ہیں

محفلِ مہتاب و انجم میں نمایاں آپ ہیں
پھول میں نسرین میں نرگس میں خنداں آپ ہیں

نور و نگہت آپ ہیں جانِ گلستاں آپ ہیں
موسمِ گل آپ ہیں فصلِ بہاراں آپ ہیں

سب سے اعلیٰ آپ ہیں سب میں نمایاں آپ ہیں
آپ سا کوئی نہیں شہکارِ یزداں آپ ہیں

جانِ رحمت آپ ہیں رحمتِ بداماں آپ ہیں
میزبان اللہ ہے تو اس کے مہماں آپ ہیں

آپ کی خاطر بنایا ہے جہاں اللہ نے
سچ تو یہ ہے باعثِ تعمیر انساں آپ ہیں

داستانِ آدم و حوا بڑی دلچسپ ہے
داستانِ آدم و حوا کا عنواں آپ ہیں

اس اندھیری رات کے سینے سے پھوٹے گی کرن
اس اندھیری رات کی صبح درخشاں آپ ہیں

آپ کی یادیں ہیں سرمایہ مرا حاصل مرا
میری دنیا آپ ہیں دل آپ ہیں جاں آپ ہیں

اس جہانِ رنگ و بو میں جس طرف بھی دیکھئے
عطر افشاں گل بداماں کیف ساماں آپ ہیں

دل مرا خاموش ہے اور لب پہ ہے ذکرِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم
دل میں گویا آپ ہیں لب پہ نمایاں آپ ہیں

قوم کا غم بھی ہے ان کو اور خوشی بھی ہے سعید
گل میں خنداں آپ ہیں شبنم میں گریاں آپ ہیں

© rasailojaraid.com